# CHAKLALA CANTONMENT BOARD

Murree Road, Saddar Rawalpindi, Postal Code 46200

24/7 Helpline 051-9272476 Tel 051-9270160 Fax 051-9270150

www.ccb.gov.pk, FB/chaklalacb

## ٹھیکہ برائے پارکنگ فیس واقع ہارٹ انٹرنیشنل ہسپتال سرور پارک چکلالہ کینٹ راولپنڈی

بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ چکلالہ چھاؤنی کی حدود میں واقع پارکنگ سرور پارک ہارٹ انٹرنیشنل ہسپتال کے ٹھیکہ کے حقوق وصولی پارکنگ فیس کا نیلام عام کر رہا ہے۔ پارکنگ فیس کا ٹھیکہ برائے عرصہ 03 سال کے لیے ہوگا۔ جو کہ نیلام عام مورخہ 05-05-2025 کو بالا ترتیب دفتر چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ میں 02:00 P.M منعقد کی جائے گی اگر کسی وجہ سے نیلامی مقررہ تاریخ پر منعقد نہ ہو سکی یا بولی مسترد کر دی گئی تو دوبارہ نیلامی مورخہ 06-05-2025 اور سہ بارہ نیلامی مورخہ 07-05-2025 کو منعقد ہوگی اس کیلئے علیحدہ اشتہار نہیں دیا جائے گا۔

**شرائط و ضوابط:**

.01 پارکنگ فیس کا ٹھیکہ 03 سال کی میعاد کیلئے نیلام کیا جائے گا۔ جس کی میعاد حوالگی ٹھیکہ سے تین سال تک ہوگی۔

.02 ٹھیکے کی بولی میں بیٹھنے کے لیے مبلغ Rs. 5,00,000/- (پانچ لاکھ روپے) بطور کال ڈیپازٹ بمع شناختی کارڈ کی کاپی کے دفتر ھذا میں جمع کروانے ہوں گے۔

.03 پارکنگ فیس کی بولی کی رقم فی سال کے حساب سے ہوگی اور مدت معاہدہ ٹھیکہ 03 سال کیلئے ہوگا۔ ٹھیکہ کی کل رقم پر ہر سال 10% سالانہ اضافہ کے ساتھ وصول کیا جائے گا۔

.04 پہلے دو کامیاب بولی دہندہ کی کال ڈیپازٹ 1/4th حصہ رقم جمع ہونے تک دفتر ھذا میں جمع رہے گی۔

.05 کامیاب بولی دہندہ کو کامیابی کے بعد 1/4th حصہ بطور سیکورٹی جمع کروانا ہوگی جو کہ ٹھیکے کی کامیاب تکمیل پر واپس کر دی جائے گی اور ٹھیکہ کی رقم ہرگز ایڈجسٹ نہ ہوگی۔

.06 ٹھیکے کی بولی کی تمام رقم ٹھیکیدار کو چار مساوی اقساط میں ہر تین مہینے میں بمعہ 10% انکم ٹیکس ایڈوانس جمع کروانی ہوگی۔ قسط 10 تاریخ تک لازمی جمع کرانی ہوگی۔

.07 مقررہ تاریخ کو قسط جمع نہ ہونے کی صورت میں مبلغ 500 فی دن کے حساب سے جرمانہ کیا جائے گا اور 20 تاریخ کے بعد ٹھیکہ کینسل کر دیا جائے گا۔ اور قسط جمع نہ ہونے کی صورت میں سیکورٹی کی رقم ضبط کر لی جائے گی۔

.08 کامیاب بولی دہندہ درج ذیل شیڈول کے مطابق پارکنگ فیس وصول کرے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| (i) | کار۔ سوزوکی۔ جیپ | مبلغ Rs. 50/- روپے فی گھنٹہ |
| (ii) | موٹر سائیکل | مبلغ Rs. 30/- روپے فی گھنٹہ |
| (iii) | سائیکل | مبلغ Rs. 20/- روپے فی گھنٹہ |

.09 ٹھیکیدار اپنے تمام سٹاف کی مکمل تفصیل بمعہ شناختی کارڈ کے دفتر ھذا کو جمع کروائے گا۔

.10 کسی بھی ڈیفالٹر / محکمہ کے نادہندہ کو بولی میں بیٹھنے کی اجازت نہ ہوگی۔

.11 بجلی وغیرہ کے بل ٹھیکیدار کے ذمے ہوں گے۔ صرف N.O.C دفتر ھذا کی طرف سے دیا جائے گا۔

.12 بولی کی منظوری کے سات دن کے اندر اندر ٹھیکیدار کو لازماً Rs. 1200/- کے اشٹام پیپر پر دفتر ھذا سے پورے سال کے ٹھیکے کا معاہدہ کرنا ہوگا۔

.13 اوپر درج شرائط میں سے کسی ایک کی بھی خلاف ورزی کی صورت میں کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر / کنٹونمنٹ بورڈ خلاف ورزی شرائط کو دیکھتے ہوئے جرمانہ عائد کرے گا، اور ٹھیکہ کینسل بھی کیا جا سکتا ہے اور بقایا رقم قانونی طریقے سے وصول کی جائے گی۔

.14 کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر / کنٹونمنٹ بورڈ چکلالہ PPRA Rules, 2004 کی دفعہ 33(I) کے تحت کوئی بھی بولی منظور یا مسترد کر سکتے ہیں۔

.15 متعلقہ تفصیلات / شرائط و ضوابط PPRA کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں۔

.16 ٹھیکیدار تمام گاڑیوں بمع گاڑی نمبر، مالک کا نام، شناختی کارڈ اور موبائل نمبر کا مکمل ریکارڈ نوٹ کرے گا اور ضرورت پڑنے پر دفتر ھذا کو مہیا کرے گا۔

مشتہر:

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

چکلالہ کینٹ بورڈ

Ad 184-55